© rasailojaraid.com



زیادہ مختصر ہے۔ زبان بہت اصلاح طلب ہے۔ مثلاً "جنگ" کا لفظ اردو میں مونث استعمال ہوتا ہے لیکن رسالہ مذکور میں جگہ جگہ مذکر استعمال کیا گیا ہے۔ "سینہ بسینہ لڑائی" محاورہ نہیں ہے بلکہ "دست بدست" ہے۔ اسیطرح "باغی ہو گیا ہوا تھا" اور "سکھوں نے قید کیا ہوا تھا" خالص پنجابی محاورے ہیں۔ فصحائے ادب نے اسے ابھی سند قبولیت نہیں دی ہے۔

آجکل افسردہ دل اور افسردہ ایمان مسلمانوں کو ایسے رسائل کا خاص طور سے مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ انھیں معلوم ہو کہ اسلام کیا چیز ہے اور ایمان میں کتنی قوت ہے۔

| | |
|---|---|
| (۱) مرآۃ الرسوم | تالیف ابو القاسم غلام رسول صاحب بی۔ اے سکریٹری دی افغان یونین |
| (۲) ترغیب الصلوۃ | ملنے کا پتہ: سکریٹری دی افغان یونین، جھونا کمہار واڑہ۔ کراچی۔ |
| (۳) امانت اور عہد | افغان یونین ایک اصلاحی انجمن ہے جو عام مسلمانوں کی مذہبی اور |
| (۴) ابو ہریرہؓ | معاشرتی حالت سدھارنے اور انمیں اسلامی تعلیمات سے روشناس کرنے |

کیلیے قائم ہوئی ہے۔ انجمن نے یہ رسالے اپنی اغراض کیلیے شائع کیے ہیں۔ پہلے رسالہ میں شادی و غمی، مذہبی تہواروں اور عام معاشرتی و مذہبی معاملات میں جو لغو رسوم اور بدعات رواج پا گئی ہیں انکی اصلاح کی کوشش کی گئی ہے اور لوگوں کو اسلام کی اصلی باتیں بتائی گئی ہیں۔ دوسرے اور تیسرے رسالہ میں امانت اور وفائے عہد اور نماز کی اہمیت کو کتاب و سنت کے حوالوں سے جتا کر لوگوں کو بیدار کیا گیا ہے۔ چوتھے میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہوئی چالیس حدیثیں مع ترجمہ درج ہیں بعض حدیثوں کے ضمن میں تشریحی نوٹ بھی ہیں۔ ترجمہ سلیس اور عام فہم ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ حضرت ابو ہریرہؓ کے مختصر حالات بھی دیے گئے ہیں۔ شروع کتاب میں شمائل نبوی پر ایک ایمان افروز مقالہ بھی ہے۔

---

© rasailojaraid.com